مؤلف کی بعض مفید ترین کتابیں

① تعلیق البخاری

بخاری شریف میں تمام احادیث کے مراجع کو ایک جگہ اکٹھا کردیا گیا ہے، اور اکٹھا کرکے نیچے تعلیق کے طور پر حوالے لکھدئے گئے ہیں۔ اور جو حدیثیں بخاری شریف میں مکرر نہیں ہیں وہ دوسری کتب احادیث کے حوالہ سے تخریج کی گئی ہیں۔ ہندی نسخہ سے نمبر ایک لائن کھینچ کر اوپر لکھدیا اور نیچے فتح الباری کا نمبر ہے، جو تمام شروحات میں ہے جس سے بخاری شریف کا مطالعہ مراجع اور مآخذ کو حاصل کرنا بہت آسان ہوگیا ہے۔ انشاء اللہ اہل علم اس تعلیق کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ پہلے مکتبہ "الاصلاح لالبائع مرادآباد" سے شائع ہوئی تھی، اور اب دوسرا ایڈیشن مکتبہ اشرفیہ دیوبند سے شائع ہو رہا ہے۔

(نوٹ) اس کے مطالعہ کیلئے شروع کتاب میں جو ہمارا مقدمہ ہے اس کو پہلے دیکھ لینا ضروری ہے۔ یہ مقدمہ جلد اوّل اور جلد ثانی دونوں کے شروع میں لگا دیا گیا ہے۔

② ایضاح الطحاوی

یہ کتاب تین جلدوں میں فن حدیث کی مشہور کتاب طحاوی شریف کی اردو شرح ہے۔ جو اساتذہ اور طلبہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کتاب کی تین جلدیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے شائع ہوچکی ہیں۔ ہر ایک جلد چھ سو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے۔ ان تینوں جلدوں میں طحاوی شریف جلد اول کی شرح مکمل ہوگئی ہے جو مکتبہ زکریا دیوبند سے شائع ہوئی ہے۔ ناظرین سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ پاک طحاوی شریف کی دوسری جلد پر کام کرنے کے مواقع فراہم فرمائے۔

③ تعلیق تقریرات رافعی

فقہ حنفی کی مشہور ترین کتاب فتاویٰ شامی پر تقریرات رافعی کی تعلیق اور حاشیہ ہے۔ جو ۱۲ جلدوں پر مشتمل ہے۔ یہ بھی مکتبہ زکریا دیوبند سے شائع ہوئی ہے۔

④ ایضاح المسائل

یہ کتاب عام مسلمانوں کے لئے روزمرہ پیش آنے والے نادر ۳۱۳ مسائل پر مشتمل تھی۔ اب اضافہ ہوکر ۸۰۰ سے زائد مسائل پر چھپی ہے۔

⑤ ایضاح المناسک

یہ کتاب حج وعمرہ کے اہم اور ضروری ۳۱۳ مسائل پر مشتمل ہے۔ سفر حج میں حاجیوں کیلئے نہایت مفید کتاب ہے۔

⑥ حج وعمرہ کی دُعائیں
یہ کتاب حج وعمرہ کی مستند ومنقول دُعاؤں پر مشتمل ہے۔ اور معتبر کتابوں کے حوالوں کے ساتھ دُعائیں لکھی گئی ہیں۔

گھر سے روانہ ہوکر واپسی تک کیلئے ۷۱ دُعائیں مع ترجمہ کے اس میں موجود ہیں۔

⑦ ایضاح النوادر
ایکسپورٹ، امپورٹ، شیئرز، ہندوستان کے حالات، انشورنس، مسلم فنڈ، زکوٰۃ اور قضاء کے مسائل کی نہایت اہم کتاب ہے۔

⑧ ایضاح المسالک
یہ نہایت علمی کتاب ہے۔ جسمیں تقلید، تلفیق اور ضرورت، حاجت، عموم بلویٰ اور عدول عن المذہب سے متعلق نہایت اہم مسائل پر مشتمل ہے۔

⑨ آسان دینی مسائل ہندی
یہ کتاب ہندی زبان میں ہے۔ اس میں روزمرہ پیش آنے والے ضروری اور نادر مسائل ہندی جاننے والوں کے لئے پیش کئے گئے ہیں۔

⑩ مسائلِ قربانی وعقیقہ
اس کتاب میں قربانی اور عقیقہ کے ضروری مسائل بہت اچھے انداز سے مدلل طور پر کتابوں کے حوالوں کے ساتھ پیش کئے گئے ہیں۔ عوام وخواص سب آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔

⑪ حج وعمرہ کا آسان طریقہ
یہ کتاب کم پڑھے لکھے حاجیوں کیلئے لکھی گئی ہے۔ گھر سے روانہ ہوکر واپسی تک تمام ارکان کو اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ پڑھتے وقت ایسا محسوس ہوگا کہ آپ حج وعمرہ کر رہے ہیں۔

⑫ انوارِ ھدایت
سیر کے مختلف موضوعات پر بیش قیمتی رسائل کا مجموعہ ہے۔ جسمیں ایک مسلمان کی اصلاحی زندگی کے لئے عمدہ ترین مواعظ ہیں۔

(نوٹ) ۱، ۷، ۱۲ کے علاوہ سب کتابیں مکتبہ الاصلاح لال باغ مرادآباد سے شائع ہوئی ہیں، یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اور مذکورہ سب کتابیں دیوبند، سہارنپور کے مختلف مکتبوں سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

۱۳۔ غیر مقلدین کے ۵۶ اعتراضات کے جوابات

یہ کتاب نہایت مدلّل ہے غیر مقلدین کی طرف سے مسلکِ حنفی پر ۵۶ اعتراضات پر مشتمل ایک اشتہار حرمین شریفین میں بانٹا گیا۔ مسجدِ حرام میں باقاعدہ طور پر غیر مقلدین نے یہ اشتہار بانٹا ہے۔ اس اشتہار میں مشہور ترین اختلافی مسائل کے ساتھ ساتھ بے جا اعتراضات بھی کیئے گئے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں ان ۵۶ اعتراضات کے جوابات نہایت منصفانہ انداز سے دیئے گئے ہیں۔ یہ کتاب سب سے پہلے جمعیۃ علماءِ ہند کیطرف سے شائع کی گئی۔ پھر مرادآباد، دیوبند اور بمبئی وغیرہ مختلف مکتبوں سے یہ کتاب شائع ہو گئی ہے۔ علماء اور طلباء کیلئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔

۱۴۔ انوارِ زندگی

اس کتاب میں چالیس درود شریف حدیث کی معتبر کتابوں کے حوالے سے پیش کئے گئے ہیں۔ پھر آیتِ سجدہ اور آسمانی اور زمینی مصیبتوں اور بلاؤں سے حفاظت کی دُعائیں اور سلوک کے بزرگوں کے معمولات پر مشتمل مختصر سی کتاب ہے۔ عام مسلمانوں کی اصلاحی زندگی کیلئے بہترین گلدستہ ہے۔

۱۵۔ انوارِ نبوّت

یہ کتاب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ پاک، آپؐ کے اقوال وافعال، آپؐ کے اوامر و نواہی سے متعلق بیس رسالوں کا ایسا مجموعہ ہے۔ جس میں دینی، اصلاحی، دعوتی، فکری مضامین شامل ہیں۔ ایک مسلمان کی اصلاحی اور فکری زندگی کیلئے عمدہ ترین مواعظ ہیں۔